12487-دانتوں سے نکلنے والا خون روزہ باطل نہیں کرتا

سوال

کیا دانتوں سے نکلنے والا خون روزہ فاسد کرتا ہے کہ نہیں ؟ اوراگر کوئی انسان کسی دوسرے کو زدکوب کرے جس سے اس کے دانتوں سے خون جاری ہوجائے توکیا روزے پر کچھ اثر ہوگا ؟
اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے

پسندیدہ جواب

دانتوں سے نکلنے والا خون روزے پر اثرانداز نہیں ہوتا اور نہ ہی اس سے روزہ ٹوٹتا ہے ، چاہے وہ خود نکلے یا کسی کے زدکوب کرنے سے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (267/10) ۔

لیکن روزے دار پر اس خون کو نگلنا حرام ہے ، اوراگر اس نے جان بوجھ کر نگل لیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا ۔

واللہ اعلم .